نثری پروگرام بکثرت ہوتے ہیں، محسوس ہوتا ہے، ماحول نے فکری بالیدگی اور ذوق شاعری کو مہمیز کیا جو کہ گلدستہ کی صورت میں ہمارے سامنے ہے، مجلّہ کے قارئین کے لئے محترمہ کی ایک نعت اور غزل انہیں خراج تحسین پیش کرنے کے لئے درج کی جاتی ہے۔

نعت

غموں کا مداوا ہے صلی اللہ   بشر کا وظیفہ ہے صلی اللہ
معافی ملی جس سے آدم کو بھی   دعا کا وظیفہ ہے صلی اللہ
اسی کیفیت سے ہے لبریز دل   دلوں کا سہارا ہے صلی اللہ
اُسیؐ نے تو اُمت کو بخشا دوام   ایک ایسا سفینہ ہے صلی اللہ
کہا جس کو یٰسین وطٰہٰ خدا نے   محمدؐ ہمارا ہے صلی اللہ
کنول آرزوئے مدینہ ہے مجھ کو   فقط اک سہارا ہے صلی اللہ

غزل

وفا کو درد لکھنا درد کو آرامِ جاں لکھنا   ہمیں آ ہی گیا آخر محبت کی زباں لکھنا
زمینِ کوچۂ جاناں کی قیمت کوئی کیا جانے   اگر لکھنا پڑے تو اس زمیں کو آسماں لکھنا
قلم تو وقف ہے ذکرِ بہاراں کے لئے ہمدم   میرا مسلک ہے ویرانے کو رشکِ گلستاں لکھنا
اگر قربت کا اِک لمحہ میسر آ نہیں سکتا   تو پھر لازم ہے ساری زندگی کو رایگاں لکھنا
کنول لکھنے کی عادت ہوگئی ہے تو تم کو دنیا میں   بجائے اپنے غم کے تم حدیث دیگراں لکھنا

مجلّہ کا نام : نعت رنگ شمارہ نمبر ۲۱

چیف ایڈیٹر : صبیح رحمانی (سید صبیح الدین رحمانی)

ناشر : صبیح رحمانی۔ بی۔۵۰، سیکٹر اے۔۱۱، نارتھ کراچی

قیمت صفحات : ۳۰۰ روپے ۷۰۴ صفحات

جناب صبیح الدین رحمانی صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ موصوف نے اپنی زندگی اسلام اور پیغمبر اسلام ﷺ کے لئے وقف کر رکھی ہے۔

آج بالمشافہ پہلی ملاقات ہوئی، موصوف نے موجودہ نعت نمبر پیش کیا، یہ باقاعدہ مجلہ نہیں ہے، بلکہ نعتیہ ادب کا کتابی سلسلہ ہے، جس کا آغاز اپریل ۱۹۹۵ء میں ہوا، اب تک اس کے ۲۱ شمارے شائع ہو چکے ہیں، ۲۰ شماروں کا اشاریہ بھی شائع ہو چکا ہے، اس کے علاوہ نعت ریسرچ سینٹر کے نام سے ایک ادارہ بھی قائم کیا ہے۔ جس میں نعت پر سب سے بڑا ذخیرہ جمع ہو چکا ہے۔ اس ذخیرہ کی فہرست بھی مرتب ہو چکی ہے، جو کہ جلد شائع ہو جائے گی، نعت ریسرچ سینٹر کے زیر اہتمام نعت کے حوالہ سے دس کتب شائع ہو چکی ہیں۔

نعت ریسرچ سینٹر کی شاخیں UK اور انڈیا میں قائم ہو چکی ہیں۔ اب یہ خدمات درج ذیل ویب سائٹس پر پیش کرنے کی تیاری مکمل ہو چکی ہے۔

1- www.sabihrehmani.com
2- www.naatresearcheenter.com
3- www.naatrang.net
4. www.visaaleyaar.com

مقدمہ میں ۲۰۰۹ء کی متوفی شخصیات کا تذکرہ ہے:

آغاز نعت کے حوالے سے اہل قلم کے مقالات و مضامین ہیں، دوسرے حصہ میں نعتیہ ادب پر تنقیدی مضامین ہیں، تیسرے حصہ میں نعت پر تعارفی مضامین ہیں۔ آخر میں نعت گو حضرات کے کلام کا فنی جائزہ لیا گیا ہے، اور مطالعات نعت کو پیش کر کے شعراء کے نعتیہ کلام کو پیش کر دیا گیا، پھر اہل علم کے خطوط پیش کر دیئے گئے ہیں۔

یہ مختصر وقت میں مختصر جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

اگلے نعت نمبر پر انشاء اللہ تفصیلی تجزیہ پیش کیا جائے گا۔ اس شعر پر تبصرہ مکمل کرتا ہوں۔

زمیں میلی نہیں ہوتی زمن میلا نہیں ہوتا   محمد کے غلاموں کا کفن میلا نہیں ہوتا